100

سوانح حیات حضرت میاں میر قادری

پیر غلام دستگیر نامی (م ۱۹۶۱ء) نے معاشرتی اصلاح اور تبلیغ دین کے جذبے سے بیسیوں کتابچے شائع کیے تھے۔ ان میں سے ایک "سوانح حیات حضرت میاں میر قادری" ادارہ معارف نعمانیہ لاہور نے خوبصورت انداز میں ایک بار پھر شائع کیا ہے۔ داراشکوہ کی تالیفات "سفینتہ الاولیاء" اور "سکینتہ الاولیاء" نیز نورالدین جہانگیر کی "توزک جہانگیری" کے حوالے سے حضرت میاں میر کی سوانح حیات، تعلیمات اور کرامات کی تفصیل دی گئی ہے۔ حضرت میاں میر کی درگاہ کے احاطے میں جو دوسرے لوگ مدفون ہیں، ان کا ذکر بھی کر دیا گیا ہے۔

نامی مرحوم نے مناسبت سے جگہ جگہ اپنے خاندانی بزرگوں پیر فرح بخش فرحت، قلندر شاہ اور پیر مراد شاہ لاہوری کے اشعار درج کیے ہیں۔ شائقین پانچ روپے کے ڈاک ٹکٹ ارسال کر کے ناشر (ادارہ معارف نعمانیہ، ۳۲۳۔ شاد باغ لاہور) سے کتابچہ حاصل کر سکتے ہیں۔

(اختر راہی)